
4409CH02

# ② لمبا اور چھوٹا (Long and Short)

## نقطے ایک دوسرے سے کتنی دور ہیں؟






★ کسی بھی دو نقطوں کے درمیان کی دوری کا اندازہ لگائیے۔ یہ کتنے سینٹی میٹر ہے۔ اب اسے ایک اسکیل کی مدد سے ناپیے۔ کیا آپ کا اندازہ ٹھیک تھا؟

★ آپ کے مطابق کون سے دو نقطے ایک دوسرے سے سب سے زیادہ دوری پر ہیں؟ اپنے جواب کی جانچ کیجیے۔

★ کون سے دو نقطے ایک دوسرے کے سب سے زیادہ قریب ہیں؟ اپنے جواب کی جانچ کیجیے۔

بچے سادے کاغذ پر نقطے بنا کر اور اپنے کسی دوست سے دو نقطوں کے درمیان کی دوری کا اندازہ پوچھ کر جوڑوں میں یہ کھیل کھیل سکتے ہیں۔ اس کے بعد فرش پر اس سے طویل دوریوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس سبق کے حاشیے کو اسکیل کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## چھوٹی لکیر

اکبر ایک مشہور بادشاہ تھا۔ اس کا ایک ہوشیار وزیر تھا، جس کا نام تھا بیربل۔ ایک بار اکبر نے اس سے ایک مشکل سوال حل کرنے کو کہا۔ اس نے صحن پر ایک لکیر کھینچ دی۔




تصویر کو دیکھیے اور وضاحت کیجیے کہ بیربل نے اکبر کی لکیر کو چھوٹی کیسے کیا۔

کیا آپ بیربل کی طرح ہوشیار ہو سکتے ہیں؟ اس لکیر کو بغیر مٹائے ہوئے چھوٹا کیجیے۔ ذرا سوچیے۔ کیا کوئی سب سے لمبی لکیر ہے؟

## اس کی کوشش کیجیے




★ اس کے دائیں بازو کو بائیں بازو کے مقابلہ 1 سینٹی میٹر لمبا بنائیے۔



★ اس چائے کی پیالی سے 1 سینٹی میٹر چھوٹی چائے کی پیالی بنائیے۔



★ اس جھاڑو کی آدھی لمبائی کے برابر ایک جھاڑو بنائیے۔



★ اس بال کے دوگنا لمبا ایک اور بال بنائیے۔

© NCERT not to be republished

## آپ کی لمبائی کتنی بڑھی ہے؟

کیا آپ کو یاد ہے کہ آپ نے درجہ سوم میں اپنی اونچائی ناپی تھی؟


کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی لمبائی بڑھی ہے؟

کتنے؟_______________ (سینٹی میٹر)

کیا آپ کے دوستوں کی لمبائی بھی بڑھی ہے؟

معلوم کیجیے اور نیچے دیے گئے جدول کو بھریے۔

| دوست کا نام | گذشتہ سال کی اونچائی (سینٹی میٹر میں) | اس سال کی اونچائی (سینٹی میٹر میں) | وہ کتنے سینٹی میٹر بڑھے ہیں۔ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |



جھمپا نے ایک بار دنیا میں سب سے لمبے لوگوں کی فہرست پڑھی۔ ان میں سے ایک 272 سینٹی میٹر لمبا تھا! جو جھمپا کی اونچائی کی بالکل دوگنی ہے۔ جھمپا کی لمبائی کتنی ہے؟..........سینٹی میٹر




### تصور کیجیے

★ کیا وہ آدمی آپ کے کلاس روم کے دروازہ سے بغیر جھکے ہوئے گزر سکتا ہے؟

★ اگر وہ آپ کے گھر میں سیدھا کھڑا ہو تو کیا اس کا سر چھت سے لگے گا؟

### آپ کے خاندان کا لمبا اور ناٹا!

★ آپ کے خاندان میں سب سے لمبا کون ہے؟________

★ آپ کے خاندان میں سب سے ناٹا کون ہے؟________

★ ان کی لمبائیوں میں کتنا فرق ہے؟________

© NCERT not to be republished


# اسکولوں کے مابین کھیلوں کے مقابلے

## دوڑ (Race)

یہ لڑکیوں کی 100 میٹر کی دوڑ ہے۔ ارو ندھتی اختتامی یا آخری لکیر کے سب سے قریب ہے۔ وہ اس سے تقریباً 6 میٹر کی دوری پر ہے۔

اس کے پیچھے ریحانہ ہے۔ کونکنا اور اوما ریحانہ کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ تصویر کو دیکھیے۔ نیچے دیے گئے سوالوں کا جواب دینے کے لیے ان دوریوں میں سے چنیے۔

- 3 میٹر
- 6 میٹر
- 10 میٹر
- 15 میٹر




(a) ریحانہ ارو ندھتی سے کتنی دور ہے؟

(b) ریحانہ کونکنا اور اوما سے کتنا آگے ہے؟

(c) کونکنا اور اوما اختتامی لائن سے کتنی دور ہیں؟

کیا آپ نے 1500 میٹر اور 3000 میٹر کی دوڑ کے بارے میں سنا ہے؟ (آپ یاد رکھیے کہ 1000 میٹر 1 کلومیٹر ہوتا ہے اور 500 میٹر آدھا کلومیٹر ہوتا ہے۔

★ اس لیے آپ کہہ سکتے ہیں کہ۔

1500 میٹر کی دوڑ میں لوگ ________ کلومیٹر دوڑتے ہیں۔


3000 میٹر کی دوڑ میں لوگ ________ کلومیٹر دوڑتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

کیا آپ نے میراتھن دوڑوں کے بارے میں سنا ہے جس میں لوگوں کو تقریباً 40 کلو میٹر دوڑنا ہوتا ہے؟ لوگ میراتھن میں سڑکوں پر دوڑتے ہیں۔

## لمبی کود

یہ لڑکوں کے لیے لمبی کود ہے۔



دھانو کی 3 میٹر 40 سینٹی میٹر کی کود سب سے لمبی ہے گرجیت دوسرے نمبر پر ہے اس کی کود دھانو سے 20 سینٹی میٹر کم ہے۔ گوپی کا تیسرا نمبر ہے اس کی کود گرجیت سے صرف 5 سینٹی میٹر کم ہے۔

★ گروجیت اور گوپی کی کود کتنی لمبی ہیں؟

___________________________

★ کوشش کیجیے اور دیکھیے کہ آپ کتنی لمبی کود لگا سکتے ہیں۔

★ آپ کتنی دور گیند پھینک سکتے ہیں__________ میٹر

★ ایک بڑی گیند دیکھیے۔ فٹ بال یا والی بال۔ اس کو آپ پیر سے کتنی دور پھینک سکتے ہیں؟__________

© NCERT not to be republished

یہاں کچھ کود کے ہندوستانی اور عالمی ریکارڈ دیے گئے ہیں۔

| کھیل کود | عالمی ریکارڈ | ہندوستانی ریکارڈ |
|---|---|---|
| اونچی کود (مرد) | جیویرایس (2 میٹر 45 سینٹی میٹر) | چندر پال (2 میٹر 17 سینٹی میٹر) |
| لمبی کود (مرد) | مائک پی (8 میٹر 95 سینٹی میٹر) | امرت پال (8 میٹر 8 سینٹی میٹر) |
| اونچی کود (عورت) | اسٹیفکا کے (2 میٹر 9 سینٹی میٹر) | بابی اے (1 میٹر 91 سینٹی میٹر) |
| لمبی کود (عورت) | گلینا سی (7 میٹر 52 سینٹی میٹر) | انجو جی (6 میٹر 83 سینٹی میٹر) |

جدول دیکھ کر معلوم کیجیے۔

1۔ اونچائی کی کود میں مردوں کے عالمی ریکارڈ کی برابری کرنے کے لیے چندر پال کو کتنا سینٹی میٹر اور زیادہ کودنا چاہیے؟

2۔ بابی A کو 2 میٹر کی اونچائی تک پہنچنے کے لیے اسے کتنے سینٹی میٹر اور اونچا کودنا چاہیے؟

یاد رکھیے 1 میٹر = 100 سینٹی میٹر

آدھا میٹر = ؟

3۔ گلینا کی لمبی کود تقریباً ہے:

a) 7 میٹر

d) ساڑھے سات میٹر

c) 8 میٹر

4۔ عورتوں کے عالمی ریکارڈ پر نظر ڈالیے۔ سب سے لمبی اور سب سے اونچی کود کے درمیان کیا فرق ہے؟

5۔ اگر مائک پی ________ سینٹی میٹر اور لمبا کودا ہوتا، اس کی کود مکمل 9 میٹر ہوتی۔

6۔ کس کی اونچی کود ڈھائی میٹر کے سب سے قریب ہے؟


a) اسٹیفکا کے

b) چندر پال

c) جیویرایس

d) بابی اے

© NCERT not to be republished




## دوڑنے کی ورزش (Running Exercise)

ڈاکٹر نے دیوی پرساد کو صحت مند رہنے کے لیے روزانہ 2 کلو میٹر دوڑنے کو کہا ہے۔ اس نے اس میدان کا ایک چکر لگایا۔ وہ کتنا دوڑا؟

میدان اس کے گھر سے کافی دور تھا۔ اس لیے اس نے قریب کا ایک پارک منتخب کیا۔ اس پارک کا محیط تقریباً 400 میٹر تھا۔




★ دیوی پرساد کو 2 کلو میٹر کی دوڑ پورا کرنے کے لیے پارک کے کتنے چکر لگانے چاہئیں۔

★ ایک دن موسم بہت اچھا تھا اور ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ اسے اتنا اچھا محسوس ہوا کہ وہ لگاتار دوڑتا رہا جب تک 8 چکر لگا کر تھک نہیں گیا۔ اس دن وہ ...... کلو میٹر اور ...... میٹر دوڑا۔

© NCERT not to be republished



## کتنے کمرے اونچا؟

قطب مینار کی اونچائی 72 میٹر ہے۔

آپ کا کلاس روم لگ بھگ کتنے میٹر اونچا ہے؟

اندازہ لگائیں کہ کتنے کمرے ایک دوسرے کے اوپر رکھنے پر قطب مینار کی اونچائی کے برابر ہوں گے۔

______________

وضاحت کیجیے کہ آپ نے کیسے اندازہ لگایا۔

## کوزی کوڈ سے تھالیسری تک

سُبودھ کوزی کوڈ جا رہا ہے جو 24 کلومیٹر دور ہے۔ منجنی تھالیسری جا رہی ہے جو مخالف سمت میں 46 کلومیٹر کی دوری پر ہے۔

تھالیسری سے کوزی کوڈ کتنی دور ہے؟ ________________




## آپ کا گھر اسکول سے کتنا دور ہے؟

مومون کافی دور سے اسکول آتا ہے۔ پہلے وہ تالاب تک تقریباً 400 میٹر چلتا ہے۔ پھر وہ چپل ہاتھوں میں لیے 150 میٹر تالاب کو پار کرتا ہے۔ اس کے بعد وہ 350 میٹر چوڑے گھاس کے بڑے میدان کو پار کرتا ہے۔ تب وہ 40 میٹر چوڑی سڑک کو احتیاط سے پار کر کے اسکول پہنچتا ہے۔



اسکول پہنچنے کے لیے مومون روزانہ کتنا چلتا ہے؟

کیا یہ 1 کلومیٹر سے زیادہ ہے؟ ____________

© NCERT not to be republished

★ معلوم کیجیے کہ آپ کے دوست اسکول سے کتنی دور رہتے ہیں اور جدول پُر کیجیے۔ میٹر یا کلومیٹر میں لکھیے۔

| دوست کا نام | گھر سے اسکول کی دوری |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

آپ لوگوں میں سے کون اسکول کے سب سے قریب رہتا ہے؟ ______________

کون اسکول سے سب سے زیادہ دور رہتا ہے؟ ______________

کتنے بچے آپ کے اسکول سے 1 کلومیٹر سے کم دوری پر رہتے ہیں؟ ______________

کیا کوئی ہے جو اسکول سے 5 کلومیٹر سے زیادہ دوری پر رہتا ہے؟ وہ اسکول کیسے آتے ہیں ______________

______________________________________________

## اندازہ لگائیں اور معلوم کریں

1۔ ایک ریل (Reel) میں کتنا لمبا دھاگا ہوتا ہے؟

2۔ پتنگ کی چرخی کا دھاگا کتنا لمبا ہوتا ہے؟ کیا یہ 1 کلومیٹر سے زیادہ لمبا ہوسکتا ہے؟

3۔ اگر ایک رومال کسی ایک ہی دھاگے سے بنایا جائے تو اس دھاگے کی لمبائی کتنی ہوگی؟


اگر بچوں کو 1 کلومیٹر ٹہلنے کے لیے، خاص طور پر ایک سیدھے راستہ میں، لے جایا جائے تو انھیں 1 کلومیٹر کی دوری کا بہتر اندازہ ہوسکتا ہے۔



© NCERT not to be republished

# میں سوچتا ہوں کہ میں ہوتا





میری خواہش ہے کہ میں پتنگ ہوتا
تا کہ اس عمارت کی
اونچائی سے اوپر جا سکتا۔

میری خواہش ہے کہ میں ایک پرندہ ہوتا
تا کہ میں اڑ سکتا ۔
اور اس پتنگ کے اوپر پہنچ سکتا ۔

میری خواہش ہے کہ میں ایک بادل ہوتا
تا کہ میں ان چھوٹے پرندوں سے
اوپر جا سکتا۔

میری خواہش ہے کہ میں ایک
ہوائی جہاز ہوتا تا کہ میں
بادلوں اور پہاڑیوں سے اوپر جا سکتا۔

© NCERT not to be republished

**معلوم کرنے کی کوشش کیجیے:**

1۔ آپ کی دیکھی ہوئی عمارتوں میں سب سے اونچی کون سی ہے؟ یہ تقریباً کتنے کمرے اونچی تھی۔

2۔ ایک پتنگ کتنی اونچی جا سکتی ہے؟ کیا یہ قطب مینار سے زیادہ اونچی جا سکتی ہے۔

3۔ ایک ہوائی جہاز کتنا اونچا اڑ سکتا ہے؟ کیا یہ ماؤنٹ ایوریسٹ سے اونچا اڑ سکتا ہے جس کی اونچائی تقریباً 9 کلومیٹر ہے؟

(4) کیا آپ نے بادلوں کو کبھی خود کے نیچے دیکھا ہے؟

یہاں بچوں کے تجربات کے بارے میں بحث کرنا فائدہ مند ہوگا خاص طور پر جب بادلوں اور اس کی اونچائی پر بات کر رہے ہوں، تا کہ وہ نسبتی اونچائی کا وجدان حاصل کر سکیں، اور لمبی دوریوں کا اندازہ لگانے کی شروعات کر سکیں۔